# عمومی جرائم کی روک تھام

محفوظ رہنے کے لیے آپ کو اپنی طرز زندگی، شخصیت یا اپنی پسندیدہ سرگرمیاں تبدیل کرنے کی ضرورت نہیں ہے۔ پہلے سے مستقبل کی منصوبہ بندی کرنے سے آپ گھر پر، کام پر، اور اپنی پسندیدہ سرگرمیوں سے لطف اندوز ہوتے ہوئے محفوظ رہ سکتے ہیں۔

## گھر پر

- اپنی رہائش گاہ کے قریب پہنچتے ہی اپنی چابیاں نکال کر ہاتھ میں رکھ لیں ۔
- اگر آپ کو کوئی بھی مشکوک چیز، جیسا کہ کُھلا ہوا دروازہ، ٹوٹی ہوئی کھڑکی وغیرہ، دکھائی دے تو باہر ہی انتظار کریں ۔
- گھر کے دروازے اور کھڑکیاں ہمہ وقت مقفل رکھیں؛ اگر آپ ہواداری کے لیے کوئی ایک کھڑکی جزوی طور پر کھلی رکھتے ہیں تو اضافی تالا لگوانے پر غور کریں۔
- اپنے کسی قابل اعتماد پڑوسی یا اہلِ خانہ کے پاس گھر کی ایک چابی رکھوائیں۔ کبھی بھی چابی کو باہر موجود پھولوں کے گملے، ڈور میٹ (پاؤں جھاڑنے والی چٹائی) کے نیچے یا کسی سجاوٹی پتھر میں مت چھپائیں۔
- تزئین والی گھاس کی کٹائی کریں تاکہ آپ کو صاف طور پر نظر آئے۔
- بیرونی روشنی کا استعمال کریں - باہر کی بتیاں تمام جلا کر رکھیں۔ گھر کے اطراف کے لیے موشن سینسر (حرکت محسوس ہونے پر روشن ہو جانے) والی بتیاں لگوانے پر غور کریں۔

## کام پر

- کام کی جگہ کی حفاظت کو بہتر بنانے میں اپنا کردار ادا کریں؛ مرمت کے کاموں کی ضرورت یا حفاظتی خدشات کی اطلاع دیں۔
- پارکنگ کی جگہ کی جانب اپنے ساتھی کارکنوں کے ساتھ آئیں اور جائیں۔
- ہوشیار رہیں؛ اپنے صارفین یا مؤکلان کے سامنے اپنی چھٹیوں کے منصوبوں یا سماجی سرگرمیوں کی تشہیر مت کریں۔
- کسی بھی مشکوک طرز عمل یا سرگرمی کے بارے میں انتظامیہ کو فوری طور پر مطلع کریں۔
- زائرین کو محفوظ علاقوں پر لے جائیں۔
- کسی کو آگاہ رکھیں کہ آپ کہاں جا رہے ہیں اور آپ کب تک واپس لوٹیں گے۔
- اپنی فطری آواز پر بھروسہ کریں

## کھیل کے میدان میں

- باہر جانے سے پہلے اپنے راستے/معمولات کے بارے میں کسی کو ضرور آگاہ کر دیں۔
- اپنے راستے اور اوقات تبدیل کرتے رہیں تاکہ آپ کے بارے اندازہ لگانا آسان نہ ہو۔
- اپنے پاس مناسب شناختی دستاویزات رکھیں۔
- اپنے اطراف کے ماحول سے باخبر اور ہوشیار رہیں۔
- ہنگامی صورتحال میں ضروری آلات اپنے پاس رکھیں۔
- دن ڈھل جان کے بعد گھر کے باہر کی سرگرمیوں سے اجتناب کریں۔
- ذاتی حفاظت کے ساز وسامان کا استعمال کریں۔
- اپنی حدود جانیں۔
- دوسروں کے ساتھ اچھے تعلقات برقرار رکھیں – اپنے دوستوں کو مدعو کریں!
- حفاظت کو اپنی عادت بنا لیں۔
- ہر کوئی سب کچھ نہیں کر سکتا، لیکن ہر کوئی کچھ نہ کچھ ضرور کر سکتا ہے۔

## وہاں پہنچنا

- اگر ممکن ہو تو اکیلے چلنے سے اجتناب کریں۔ بامقصد اور پُر اعتماد انداز میں چلیں؛ مداخلت سے بچیں - جیسے سیل فون، ہیڈ فون۔
- مصروف، مناسب طور پر روشن علاقوں کا انتخاب کریں۔
- ٹریفک کی جانب رُخ کرتے ہوئے چلیں۔
- اپنی کار کو اچھی حالت میں رکھیں۔
- اپنی گاڑی کے قریب آتے وقت اپنی چابی تیار رکھیں۔
- دروازے مقفل کر کے اور کھڑکیوں کے شیشے اُوپر چڑھا کر گاڑی چلائیں۔
- اچھی طرح سے روشن اور کثرت سے استعمال ہونے والے بس اسٹاپس کی نشاندہی کریں۔
- پہلے سے بس کے اوقات کا جائزہ لیں۔
- بسوں میں ڈرائیور کے قریب بیٹھیں۔
- گاڑی میں بیٹھنے سے پہلے رائیڈ شیئر ڈرائیور کی تصدیق کریں۔
- رائیڈ شیئر ڈرائیور کی درجہ بندی کی جانچ کریں۔
- پچھلی سیٹ پر بیٹھیں۔
- کال کریں اور اپنی رائیڈ شیئر کے لیے اندر ہی انتظار کریں۔

ONE ALBUQUERQUE APD

ALBUQUERQUE POLICE